ہو۔ جس کا مسند الیہ منفی بہ لاہو۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح اگر نحو کے مبتدی کو فن کے مسائل کے ساتھ ساتھ یہ کتاب پڑھائی جائے تو اس سے اس کو شروع سے ہی جوامع الکلم نبوی کے ساتھ مناسبت اور انسیت پیدا ہو جائے گی۔ اور اس کا فائدہ ادبی بھی ہوگا اور اخلاقی بھی۔ اصل متن کے ساتھ حواشی بھی جگہ جگہ ہیں اور کافی مفصل ہیں۔ ان کی وجہ سے کتاب کی افادیت دو چند ہو گئی ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ مفید الطالبین کی جگہ مدارس عربیہ کے نصاب میں داخل ہو۔

ڈھائی ہفتہ پاکستان میں از مولانا عبد الماجد دریابادی تقطیع خورد ضخامت ۱۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپے۔ پتہ:۔ صدق جدید بک ایجنسی کچہری روڈ لکھنؤ۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ پاکستان کے سفر کی روداد ہے جس میں صرف ڈھائی ہفتہ صرف ہوئے۔ سفرنامہ خواہ کسی کا بھی ہو دلچسپ ہوتا ہے اور پھر مولانا تو یوں بھی جس چیز پر قلم اٹھاتے ہیں اس میں جان سی ڈالتے ہیں۔ اور اپنے مشاہدات و محسوسات کے بیان کرنے میں کسی کی رو رعایت نہیں کرتے۔ سماجیات کے صاحبِ بصیرت نقاد ہیں، ان سب امور کے جمع ہو جانے کی وجہ سے یہ سفرنامہ بے حد دلچسپ بھی ہے اور سبق آموز بھی۔ ادبی اور سماجی تنقید دونوں کے لحاظ سے اردو زبان کے سفرناموں میں اس کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس سفرنامہ کو پڑھ کر خیال آیا کہ اگر مولانا تین چار مہینوں کے لئے یورپ اور امریکہ کا دورہ کرائیں۔ اور محض ایک سیاح کی حیثیت سے وہاں کی ہر چیز کا بہت قریب سے مشاہدہ کریں۔ وہاں کی سماجی اور معاشرتی زندگی کا اچھا اور برا ایک ایک پہلو دیکھیں اور پھر اپنا سفرنامہ مرتب فرمادیں تو ہماری رائے ہیں وہ صرف اردو زبان کا نہیں بلکہ موجودہ عالمی ادبیات کا ایک بڑا عجیب وغریب شاہکار ہوگا۔ لوگ اسے پڑھیں گے اور جھومیں گے۔ کسی کے منہ سے آہ نکلے گی اور کوئی واہ کہ اٹھے گا۔

رسول اللہ کی باتیں

ا از جناب شیخ محمد اسمٰعیل پانی پتی تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۲ر پتہ:۔ حالی بک ڈپو رام گلی ۳ لاہور۔ اس کتاب میں بچّوں کے لئے ۹۶ چھوٹی چھوٹی حدیثیں جن میں اخلاقی اور صفائی ستھرائی کے متعلق احکام وارشادات ہیں۔ مع اُردو ترجمہ وتشریح کے ہر صفحہ پر

ایک حدیث کے حساب سے جمع کی گئی ہیں۔ ترجمہ اور تشریح کی زبان سہل اور سلیس ہے۔ مکاتب میں بچوں اور بچیوں کے لئے اس کا شریک نصاب ہونا مفید ہوگا۔

موتیوں کا ہار حصہ اوّل و دوم چھوٹی تقطیع ضخامت ہر ایک حصہ کی ۳۲ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت فی حصہ ۳ر پتہ:۔ مکتبہ جماعت اسلامی ہند۔ رامپور۔

مکتبہ جماعت اسلامی رام پور نے مسلمان بچوں اور بچیوں کی اخلاقی تعلیم و تربیت کے لئے چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھنے کا جو پروگرام بنایا ہے یہ دونوں کتابیں اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہیں ان میں کہانی اور قصہ کے پیرایہ میں کچھ واقعات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور آپ کے اہلبیت کے اور چند اور عام حکایات بہت سہل اور سلیس زبان میں بیان کی گئی ہیں۔ ان کے پڑھنے سے بچوں کو زبان بھی آئے گی اور اسلام کی عظمت اور محبت بھی پیدا ہوگی۔

سلطان احمد تنبل از محمد رحیم صاحب دہلوی تقطیع خورد ضخامت ۷۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت دو روپے پتہ:۔ مکتبہ رضیہ۔ جناح ہاؤس لارنس روڈ کراچی ۱۳ سلطان احمد تنبل بادشاہ بابر کے معمولی درجہ کے امیروں میں تھے لیکن آدمی تھا نہایت چالاک اور حوصلہ مند۔ آخر اس نے بابر کے خلاف ایسی طاقت پیدا کرلی کہ کبھی اس کو چین سے نہیں بیٹھنے دیا اور وہ بابر جس نے ہندوستان ایسے برصغیر پر پے بہ پے حملے کرکے فتح کیا اور اپنی شاندار سلطنت و حکومت کا پرچم لہرایا تھا اس کا حال یہ تھا کہ اس کے دونوں بھائی ناصر مرزا۔ اور جہانگیر مرزا۔ تنبل کے پاس پہلے سے ہی قید ہیں اور غریب بابر اس کے خوف سے چھپا چھپا ادرا دھر ادھر مارا مارا پھر رہا ہے اور اس کے نوکروں کے ہاتوں ذلتیں اور رسوائیاں اٹھا رہا ہے۔ آخرکار سلطان احمد تنبل بابر کے ایک اور دشمن جان شیبانی خاں کے ہاتوں گرفتار ہوا اور قتل کردیا گیا۔ اس کتاب میں تزک بابری کی زبانی اسی سلطان احمد تنبل کے اقبال و زوال کی داستان سنائی گئی ہے۔ لائق مؤلف دلی کے ہیں اور دلی کی زبان لکھتے ہیں اس سے اس کتاب میں بھی تاریخیت سے زیادہ ادبی عشوہ طرازی کا رنگ ہے چنانچہ ایک مقام پر بابر تن تنہا تھا وہاں اتفاق سے اس کو ایک پرانا نمک خوار مل گیا تو مولف اس کو بجائے ایک سے دو کے "گیارہ" کہتے ہیں (ص۶۲) بہرحال کتاب دلچسپ، سبق آموز اور لائق مطالعہ ہے۔